ریزرو بینک آف انڈیا
**RESERVE BANK OF INDIA**
www.rbi.org.in

آر بی آئی2017-18/43
ایف ایم آر ڈی۔ڈی آئی آر ڈی2/14.01.002/2017

10اگست، 2017

بازار کے سبھی حصہ دار

محترم جناب/ محترمہ

**ریزرو بینک کمرشیل پیپر ہدایات۔2017**

ریزرو بینک نے عوامی تبصرہ کیلئے کمرشیل ہدایات کا خاکہ 02 فروری، 2017 کو جاری کیا تھا اس کی روشنی میں تبصرے موصول ہوئے۔ ریزرو بینک کمرشیل پیپر ہدایات۔2017 کو قطعی شکل دے دی گئی ہے اور وہ منسلک ہے۔

آپ کا مخلص

(ٹی. ربی شنکر)
چیف جنرل منیجر

ریزروبینک آف انڈیا

محکمہ مالیاتی بازار قانون

پہلی منزل سینٹرل آفس فورٹ

ممبئ۔400001

الیف ایم آر ڈی۔ڈی آئی آر ڈی/10 سی جی ایم (ٹی آر ایس)2017 مورخہ 10 اگست، 2017

ریزروبینک کمرشیل پیپر ہدایات۔2017

ریزروبینک آف انڈیا، ریزروبینک آف انڈیا ایکٹ۔1934 کے تحت اختیارات کی منتقلی کے سلسلہ میں اپنی جانب سے سبھی اختیارات غیر بینکنگ کمپنیوں (کمرشیل پیپر کے ذریعہ ڈپازٹ کی منظوری) کو ہدایات1989 کے نوٹیفکیشن نمبر آئی ای سی ڈی1/87 (سی پی)89/90 مورخہ 11 دسمبر، 1989 کے تحت تفویض کرتا ہے۔

ہدایات کے مطابق نوٹیفکیشن نمبر آئی ای سی ڈی 14/08.15.01/96-97 مورخہ 6 دسمبر، 1996 نوٹیفکیشن نمبر آئی ای سی ڈی 21/08.15.01/97-98 مورخہ 10 اکتوبر، 2000 اور آئی ڈی ایم ڈی پی سی ڈی 1284/14.01.02/2012-13 مورخہ 16 اکتوبر، 2012 کے تحت وقتاً فوقتاً اس میں تبدیلی کی جاتی رہی ہے۔

ریزروبینک آف انڈیا ایکٹ کے سیکشن 45W کے تحت یہ سہولت فراہم کرائی گئی ہے کہ بینک مفاد عامہ میں اور ملک کے مالیاتی نظام کو فروغ دینے کے مقصد سے شرح سود سے متعلق پالیسی طے کر سکتے ہیں یا شرح سود پروڈکٹس منی مارکیٹ انسٹرومنٹ۔غیر ملکی شرح مبادلہ وغیرہ میں تبدیلی کر سکتے ہیں یا دیگر انسٹرومنٹ مثلاً بینک کے مزاج جس کی جانب وقتاً فوقتاً اشارہ کیا جاتا رہا ہے تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

ریزروبینک آف انڈیا ایکٹ کے سیکشن 45W کے تحت کمرشیل پیپر کو منی مارکیٹ انسٹرومنٹ تقرر کیا جائے گا۔

سیکشن 45J، 45K، 45L اور 45W کے تحت حاصل اختیارات اور مذکورہ بالا نوٹیفکیشن حوالہ اور دیگر سبھی اختیارات جو کہ اس سلسلہ میں جاری کی گئی ہیں، ریزرو بینک آف انڈیا نے مفاد عامہ میں لازمی طور پر اور بینک کے کریڈٹ اور مالیاتی نظام کو ملا کر ملک کو ترقی دینے کے مقصد سے حسب ذیل ہدایات جاری کی ہیں۔

**1.مختصر ٹائٹل اور اس کی شروعات:**

ان ہدایات کو ریزرو کمرشیل پیپر ہدایات۔2017 کہا گیا اور اس کا نفاذ ان کی اشاعت کی تاریخ سے ہوا۔

دوریٹنگ کی ضرورت جس کا ذکر پیرا گراف 6.2 میں کیا گیا ہے۔اس کا نفاذ 01 اکتوبر، 2017 سے ہوا۔

**2.تشریحات**

ان ہدایات کا مقصد۔متن کے علاوہ دیگر تشریح:

الف آل انڈیا مالیاتی ادارہ (اے آئی ایف آئی) کا مطلب آل انڈیا مالیاتی ادارہ جس کا مخصوص ذکر آر بی آئی ماسٹر ہدایات ڈی بی آر۔ایف آئی ڈی نمبر 108/10.02.000/2015-16 اور میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی گئی ہے۔

ب ’بینک‘ کا مقصد اور بینکنگ کمپنی جس کی وضاحت کلاز (سی) سیکشن 5 بینکنگ ریگولیشن ایکٹ-1949 (1949 کا10) یا کراسپونڈنگ نیو بینک، اسٹیٹ بینک آف انڈیا یا سبسیڈری بینک، جیسا کہ کلاز (ڈی اے) کلاز (این سی) اور کلاز (این ڈی) میں تشریح کی گئی ہے اور اس میں کوآپریٹیو بینک شامل ہے جس کی تشریح کلاز (سی سی آئی) سیکشن 5 کو ایکٹ کے سیکشن 56 کے ساتھ جوڑ کر پڑھیں۔ بینکوں کو ہندوستان میں آپریٹ ہونے والی غیر ملکی بینکوں کی شاخوں کو شامل کرنا ہوگا۔

ت ’کمرشیل پیپر‘ (سی پی) غیر محفوظ منی مارکیٹ انسٹرومنٹ جو کہ وعدہ نوٹ کی شکل میں جاری ہوتا ہے، سی پی کی اصل مدت سات دنوں سے ایک سال تک کی ہوگی۔

ث کمپنی کا مطلب کمپنیز ایکٹ، 2013 کے سیکشن (20)2 میں بتائی گئی ایک کمپنی

ج ایشوئنگ اور پے انگ ایجنٹ کمپنیز ایکٹ، 2013 کے سیکشن 2(76) میں تشریح کے مطابق شیڈ ولڈ بینک جو ایشوئنگ اور پے انگ ایجنٹ (آئی پی اے) کا کام کرے۔

چ آر بی آئی کا مطلب ریزرو بینک آف انڈیا

ح شامل پارٹیاں کمپنیز ایکٹ 2013 کے سیکشن (76)2 میں کی گئی تشریح کے مطابق

خ شیڈ ولڈ بینک کا مطلب ایک بینک جو آر بی آئی ایکٹ 1934 کے دوسرے شیڈ ولڈ میں شامل

د اسٹینڈ الون پرائمری ڈیلر (پی ڈی) کا مطلب ایک غیر بینکنگ مالیاتی کمپنی (این بی ایف سی) جو کہ ریزرو بینک کے ذریعہ جاری پی ڈی کیلئے مجاز مکتوب کو رکھنے کا حقدار سرکاری سیکورٹیز مارکیٹ میں پرائمری ڈیلر گائڈ لائنس مورخہ 20 مارچ، 1995 کی شرائط میں وقتاً فوقتاً ترمیم ہوتی رہی ہے۔

ر وہ الفاظ اور خیالات جس کا استعمال تو ہو رہا ہے لیکن ان کی تشریح یہاں نہیں کی گئی اور ریزرو بینک آف انڈیا ایکٹ 1934 میں اس کی تشریح کی گئی ہے، اس کا وہی مطلب ہے جو کہ مذکورہ ایکٹ میں پیش کیا گیا ہے۔

## 3. اهل جاری کرده:

الف کمپنیز بشمول غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں (این بی ایف سی) اور آل انڈیا مالیاتی ادارے (اے آئی ایف آئی) اور سی پی کو جاری کرنے کا اہل اور فنڈ پر منحصر کوئی سہولت جو بینکوں اور/ یا مالیاتی اداروں کے ذریعہ جاری کردہ جس کی درجہ بندی بطور اسٹینڈرڈ املاک سبھی مالیاتی بینکوں/اداروں کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری کی جاتی ہے

ب دیگر انٹیٹیز مثلاً کوآپریٹیو سوسائٹیز/ سرکاری انٹیٹیز، ٹرسٹ، لمیٹیڈ تحفظات پارٹنر شپ اور دیگر باڈی کارپوریٹ جن کا وجود ہندوستان میں مع مجموعی پونجی روپے 100 کروڑ یا اس سے زائد ہو، کی تشریح مذکورہ بالا 3 (اے) کے مطابق

ت ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) کے ذریعہ جاری شدہ دیگر انٹیٹیز

## 4. آخری استعمال

سی پی کے اجرا کے وقت آخر ڈاکومنٹ میں آخری استعمال کا انکشاف

## 5. اهل سرمایه کار

الف سبھی مقیم اور غیر مقیم کو غیر ملکی زرمبادلہ مینجمنٹ ایکٹ (فیما) 1999 کے تحت سی پی میں سرمایہ کاری کی اجازت ہے جبکہ پرائمری یا سکنڈری مارکیٹ میں متعلقہ پارٹیوں کے ذریعہ جاری سی پی میں کوئی دیگر شخص سرمایہ کاری نہیں کرسکتا ہے۔

ب مالیاتی سیکٹرانٹیٹیز میں سرمایہ کاری کی کچھ شرائط ہیں کو کہ متعلقہ سرمایہ کار پر نافذ ہوں گی۔

## 6.انسٹرومنٹ کی شکل، اجرا کا طریقہ ریٹنگ اور دستاویزی طریقہ کار

6.1فارم

الف سی پی کا اجراوعدہ نوٹ (خاکہ انیکس آئی میں) کی شکل میں ہوگا اور وہ سیبی سے منظور شدہ رجسٹرڈ کسی بھی ڈپازیٹر کے ذریعہ غیر جسمانی طور پر رکھا جائے گا۔

ب ایک سی پی کم ازکم روپئے 5لاکھ اور اس سے ضرب کی مالیت میں جاری ہوگا۔

ت ایک سی پی کا اجرا اصل قیمت سے چھوٹ کے ساتھ ہوگا۔

ث انڈر ریٹن اور مشترکہ قبول سی پی اجرا کردہ کے ذریعہ جاری قابل قبول نہیں ہوگا۔

ج سی پی میں متبادل (پکار رکھنا) کی اجازت نہیں ہوگی۔

### 6.2 ریٹنگ کی اجازت

الف اعلیٰ اجرا کردہ جس کی مجموعی سی پی ایک کلینڈر سال میں روپئے1000 کروڑ یا اس سے زائد ہوگی، سیبی سے دو سی آر اے رجسٹرڈ کریڈٹ ریٹنگ سی پی جاری کرنے کیلئے حاصل کرسکتا ہے اور دو ریٹنگکے سب سے کم سطح حاصل کرسکتا ہے، جب دونوں ریٹنگ یکساں ہوتی تو جو ریٹنگ حاصل کی گئی ہے اس سے دو اماؤنٹ کم اجرا کردہ سی پی ہوگی۔

ب سی پی کے لئے کم ازکم کریڈٹ ریٹنگ A3فی ریٹنگ علامت اور سیبی کی تعریف کے مطابق ہوگی۔

### 6.3 دستاویزی طریقہ کار

اجرا، سرمایہ کار اور پینگ ایجنٹس (آئی پی اے) معیاری طریقہ کار اور دستاویزات پر عمل کریں گے جو کہ فکسڈ، انکم منی مارکیٹ اور ڈیری ویٹیز ایسوسی ایشن آف انڈیا (ایف آئی ایم ایم ڈی اے) کے ذریعہ سی پی کیلئے آپریشنل گائیڈ لائنس کیلئے تجویز کردہ ہے۔

### 6.4 سی پی کریڈٹ حد میں اضافہ سے متعلق اجرا وغیرہ

الف سی پی کا ایک تنہا پروڈکٹ کی شکل میں اجرا ہوگا۔

ب سی پی کے اجرا میں کریڈٹ اضافہ کیلئے بینک اور ایف آئی ایس اپنے کمرشیل فیصلہ کی بنیاد پر فوری سود/ کریڈٹ بینک اسٹاپ سہولت وغیرہ انتخاب کرسکتے ہیں۔

ت غیر بینک انٹیز (بشمول کارپوریٹس) غیر مشروط اور نا قابل منتقل گارنٹی سی پی میں کریڈٹ اضافہ کی شکل میں جاری نہیں کرسکتی ہیں۔ سی پی آفر دستاویز گارنٹی لینے والے کمپنی کے مجموعی املاک، ان کمپنیوں کا نام جن کے گارنٹر نے یکساں گارنٹی جاری کی ہو، گارنٹی لینے والی کمپنی کے گارنٹی آفر میں توسیع اور وہ شرائط جن کے تحت گارنٹی کی اپیل کی گئی ہے۔

## 7. ٹریڈنگ کا سیکنڈری مارکیٹ اور سی پی کا تصفیہ

الف سی پی میں سبھی او ٹی سی ٹریڈ کی رپورٹنگ 15 منٹوں میں ٹریڈ کے مالیاتی مارکیٹ ٹریڈ رپورٹنگ اور کلیر گروپ ڈی لنک سسٹم (انڈیا) لمیٹیڈ کے کنفرمیشن پلیٹ فارم (ایف۔ آئی آر اے سی) کو کرنا ہوگا۔

ب اوٹی سی ٹریڈ میں سیٹلمنٹ سائیکل ٹی 4 اور یا ٹی + 1 ہوگی

ت سی پی میں اوٹی سی ٹریڈ کا تصفیہ کسی بھی منظور شدہ اسٹاک ایکسچینج یا آر بی آئی کے ذریعہ تسلیم شدہ کسی دیگر میکانزم سے ہوگا۔

**8. سی پی کی واپسی خریداری**

الف سی پی کی مکمل طور پر یا جزوی دوبارہ خریداری ترجیحی بازار بھاؤ سے

ب سی پی ایشو میں واپسی خریداری کی پیشکش سبھی سرمایہ کاروں کیلئے واپسی خریداری کی شرائط ایشو میں سبھی سرمایہ کاروں کیلئے قابل شناخت ہوگی۔

ت ایشو کی تاریخ سے واپسی خریداری کا آفر 30 دنوں قبل سے نہیں ہوگا۔

ث سی پی کی دوبارہ خریداری جلد ختم ہو جائے گی۔

**9. فرائض اور انکی ادائیگی:**

ایشو کرنے والے، ایشو کرنے والے پینگ ایجنٹ (آئی پی اے) اور کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی (سی آر اے) کے فرائض اور ان کی ادائیگی حسب ذیل ہیں:

I. ایشوئر۔سی پی کے ایشو کرنے والے

الف سی پی کو جاری کرنے والے آئی پی اے کی تقرری

ب آئی پی اے کے سلسلہ میں مذکورہ ہدایات کے مطابق مطلوبہ پرعمل آوری اور ڈکلرینس

ت اسی بات کو یقینی بنانا ہوگا سی پی ایشو سے متعلق کارروائی کے افتتاح کا اعلان کیا جائے۔

ث آئی پی اے کے سی پی اشو کو مجاز کمپنی کے ذریعہ خریدنے کے عمل کی تجویز بورڈ کے ذریعہ مکمل کی گئی ہو۔

ج بینکوں کو نگاہ رکھی ہوگی کہ آؤٹ اسٹینڈنگ فنڈ یا نان فنڈ پر منحصر کریڈٹ سہولت کس کی جانب ہے اور اس کی اطلاع مارکیٹ یا ورکنگ بشمول سی پی ماہ کے آخر جس میں سی پی کا اجرا ہوا تھا دینا ہوگی۔

چ سی پی کے کریڈٹ کیلئے سرمایہ کار کے ڈیبٹ اکاؤنٹ کا بندوبست ایشو کے 7 دنوں میں آئی پی اے کے ذریعہ ڈپازٹ کرنے والے کو کرنا ہوگا۔

ح سبھی پیشگی رقم/رعایت/واپسی خریداری/ادائیگی اور ناکامی کی تفصیل آئی پی اے کے ذریعہ دینا ہوگی۔

خ آفر ڈاکیومنٹ میں ذیل کے مطابق انیکس II میں معلومات شامل کریں۔

د متعلقہ آئی پی اے کے سی ای او/سی ایف او کے سرٹیفکیٹ جس میں پندرہ دنوں کی بنیاد پر سی پی کی پیش رفت اور سی پی کی ہدایات اور ڈاکومنٹ آفر میں دیگر شرائط کا ذکر پیش کرنا ہوگا۔سہ ماہی کے ختم ہونے کے 15 دنوں میں سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ہوگا۔

ڈ سی پی سے متعلق پیمنٹ میں کوئی ناکامی/تاخیر ہونے پر اسی دن سی آر اے اور آئی پی اے کو اطلاع دینا ہوگی۔

ذ وہ ایشوز جو سی پی میں ناکام ہو گیا ہو، وہ ڈیفالٹیڈ ذمہ داری کی ادائیگی کی تاریخ سے 6 ماہ تک سی پی مارکیٹ سے رجوع نہیں کرسکتا ہے۔

II. **ایشو کرنے اور ادائیگی ایجنٹ**۔آئی پی اے جو سی پی ایشو کرے گا

الف۔یقینی بنانا ہوگا کہ بارو ورسی پی کے ذریعہ بارو کرنے کیلئے مناسب طور پر مجاز ہے

ب    ایشو کرنے سے قبل آفر ڈاکومنٹ میں شامل سبھی اطلاعات درست ہیں اس کی تصدیق کرلیں۔

ت    ایشو کرنے والے کے ذریعہ جمع   سبھی دستاویزات کی جانچ کرلیں اور مطمئن ہو جائیں کہ سبھی ترتیب میں ہیں اور اس کے بعد سرٹیفکیٹ جاری کریں (انیکسIII)

ث    سی پی جمع کرنے والوں کی ویب سائٹ پر الیکٹرانک طور پر آئی پی اے سرٹیفکیٹ جاری کریں۔ آئی پی اے کو اس بات پر آمادہ کیا جارہا ہے کہ ڈیجیٹل دستخط سرٹیفکیٹ کو شفٹ کرے۔

ج    اصل دستاویزات کی مصدقہ کاپی کی جانچ کریں اور اپنے پاس ریٹس اور/یا ڈیجیٹل دستخط شدہ دستاویز بھی اپنی تحویل میں رکھیں۔

چ    سی پی کے اجرا کی تفصیل یا اس کی واپسی خرید اور ناکامی دوبارہ فروخت اور ناکامی کی رپورٹ ایف۔آئی آر اے سی پارٹ فارم (تمام کاروائی کو انجام دینے کے بعد) پر رپورٹ اجرا کے دن کاروباری اوقات ختم ہونے پر پیش کریں۔ دوبارہ فروخت یا ناکامی کے معاملہ اگر پیش آتا ہے تو سی سی آر ایل کی صلاح پر ایف۔ٹی آر اے سی کی مکمل کارروائی کریں اور فوری رپورٹنگ بندوبست کو جاری رکھیں۔

III.کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی

الف    کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی (سی آر اے) کو سی پی کے ایشو میں لازمی طور پر ذمہ داری سے ریٹنگ طے کرنا چاہئے اور ایشو کے ساتھ اس کی ریٹنگ کی نگرانی کرنا چاہئے اور کوئی ریٹنگ جائزہ ہو تو اپنی اشاعت اور ویب سائٹ کے ذریعہ تیزی سے اس کی تشہیر کرنا چاہئے۔

ب    سی آر اے کو لازمی طور پر سی پی کی ریٹنگ کی عوامی تشہیر کرنا چاہئے، اگر ریٹنگ میں کوئی بڑی تبدیلی ہو تو ریٹنگ کی تاریخ یا ریٹنگ میں تبدیلی جو بھی اس کی تشہیر لازمی ہے۔

10. دیگر ہدایات / قوانین وغیرہ پر عمل آوری:

سی پی جاری کرنے والے کسی بھی ریگولیٹر یا دیگر اتھارٹی کے ذریعہ جاری کردہ ہدایت/ریگولیشن گائیڈ لائن کو سی پی کے ایشو/سرمایہ کاری میں فراہم کردہ ہدایات/ ریگولیشن/ گائیڈ لائنس میں کوئی تنازع پیدا کرسکتا ہے۔

11. کچھ دیگر ہدایات پر عمل آوری نہیں:

نان بینکنگ فنانشیل کمپنیز عوامی ڈپازٹ (ریزرو بینک) کی ہدایات 1998 پر عمل نہیں کرتی ہیں جبکہ ان کے ذریعہ سی پی کے ایشو میں فنڈ میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ کوئی بھی این بی ایف کی ان ہدایات کے مدنظر فنڈس میں اضافہ کرتی ہے۔

12. منی مارکیٹ (سیکشنII) کی ماسٹر ہدایات میں کمرشیل پیپر کی ہدایات ان ہدایات کی جگہ تبدیل کردی گئی ہیں۔

(ٹی. ربی شنکر)

چیف جنرل منیجر

انیکس ا

# کمرشیل پیپر (سی پی) کا خاکہ

وہ ریاست جہاں وہ جاری کی جارہی ہے
قابل عمل ریٹ پر مہر لگائی جائے

(اجرا کرنے والی کمپنی/ادارہ کا نام)
نمبر شمار
اجرا.................................................اجرا کی تاریخ...................................................
(جگہ)
میچورٹی کی تاریخ...........................................رعایتی دنوں کے بغیر
(اگر اس تاریخ کو تعطیل ہوتی ہے تو ادائیگی اس کے بعد کے کام کے دن ہوگی)
وصول کردہ قیمت...................................................................
(ایشو کرنے والی کمپنی/ادارہ کا نام)
ادا کرنے کا وعدہ...................................................................
(سرمایہ کار کا وعدہ)
مذکورہ بالا مقررہ تاریخ کو میچورٹی کے دن روپئے (الفاظ میں).................................... کمرشیل پیپر کی پیشکش اور
سرینڈر کرنے پر...................................................
(ایشو کرنے اور پیمنٹ کرنے والے ایجنٹ کا نام)
برائے اور منجانب.......................................................................................
(اجرا کرنے والی کمپنی/ادارہ کا نام)
(مجاز دستخط کنندہ/ کنندگان)
کمرشیل پیپر پر سبھی اندراج صاف صاف ہونا چاہئے۔ ہر ایک اندراج مخصوص جگہ پر ہونا چاہئے۔
ادا کریں..........................................................جس کے نام رقم ہوگی۔
(منتقلی کرنے والے کا م نام)
برائے اور منجانب...................................................................
(منتقل کرنے والے کا نام)
...........................................................................................

.1
.2

انیکس II

**آفر ڈاکومنٹ کے کم سے کم مشمولات:**

i. آؤٹ اسٹینڈنگ سی پی کی تفصیلات اور دیگر ڈیٹ انسٹرومنٹ نئی اجرا کی تاریخ پر بشمول اجرا کی تاریخ، جاری رقم، میچورٹی کی تاریخ، آؤٹ اسٹینڈنگ رقم، کریڈٹ ریٹنگ، کریڈٹ ایجنسی کا نام اور آئی پی اے کا نام۔

ii. گزشتہ تین برسوں کے آڈٹ کی تفصیل یا جاری کردہ شخص تین برسوں تک فیڈ میں نہ ہو تو فراہم آڈٹ رپورٹ، مٹریل عدالتی کارروائی اور ریگولیٹری پابندیوں کی رپورٹ پیش کرنا ہوگی۔

iii. سی پی کی ناکامی کی تفصیل یا گزشتہ تین برسوں میں دیگر بارونگ کی رپورٹ۔

iv. رقم اور اس کی تقسیم کی موجودہ تفصیل، کرنٹ کریڈٹ ریٹنگ کریڈٹ ایجنسی کا نام۔ اس کے مجاز ہونے کی مدت اور آئی پی اے کی تفصیل۔

v. فنڈس کا حتمی استعمال

انیکس II

# آئی پی اے سٹیفکیٹ

ہمارے پاس مجاز آئی پی اے معاہدہ ہے ..............................................................................................

(اجرا کرنے والی کمپنی/ادارہ کا نام)

2. ہم نے دستاویزات، بورڈ کی تجاویز اور جمع کردہ کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی کی جمع کردہ سٹیفکیٹ **(اجرا کرنے والی کمپنی/ ادارہ کا نام)** کی جانچ کر لی ہے اور تصدیق کی جاتی ہے کہ دستاویزات درست ہیں۔ اصل دستاویزات کی مصدقہ کاپی ہماری تحویل میں ہے۔

3. ہم یہ بھی تصدیق کرتے ہیں کہ منسلک کمرشیل پیپر پر دستخط کرنے والے کے دیگر شمولیت نمبر شمار ............................................ مورخہ.................... روپے (روپے............................................................) (الفاظ میں) نمونہ دستخط سے ملا لی (اجرا کرنے والی کمپنی/ادارہ کا نام)

مجاز دستخط کنندہ/ کنندگان)

(اجرا کرنے اور ادائیگی کرنے والے ایجنٹ کا نام اور پتہ)

جگہ:

تاریخ:

*(کمرشیل پیپر پر فریکل شکل میں نافذ/جو نافذ نہ ہو، اسے کاٹ دیں)